PAKISTAN
STOCK EXCHANGE
LIMITED

# سرمایہ کاروں کی آگاہی کے لیے گائیڈ

# INVESTOR AWARENESS GUIDE

پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)
ریگولیٹری افیئرز ڈویژن

# سرمایہ کاروں کے لیے معلوماتی گائیڈ

پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس) کی جانب سے سرمایہ کاروں کے لیے معلوماتی گائیڈ سرمایہ کاری کرنے والے عام افراد کو ان کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں آگاہ کرنے اور شیئر مارکیٹ اور فیوچرز کنٹریکٹ میں ٹریڈنگ کرتے وقت محتاط رویہ اپنانے کے لیے جاری کی جارہی ہے، یہ گائیڈ شیئر ٹریڈنگ اور سیٹلمنٹ نیز سرمایہ کاروں کے تحفظ کے لیے چند بنیادی حقوق اور اصولوں کے بارے میں بتاتی ہے، تاہم سرمایہ کار اس گائیڈ کو تمام قابل عمل ریگولیٹری پروویژنز کے لیے جامع اور مستند دستاویز نہ سمجھیں، سرمایہ کاروں کو خود کے مفاد میں مزید مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے حقوق اور ذمے داریوں کے بارے میں مکمل آگاہی کے لیے سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس)، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) اور نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) کے نافذ العمل ریگولیٹری رولز اور ریگولیشنز کا مطالعہ کریں۔

پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ ریگولیٹری افیئرز ڈویژن

# فہرست


| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 01 | اپنے بروکر/ بروکرز کے نمائندوں اور رجسٹرڈ برانچوں کو جاننا | 01 |
| 01 | اپنے نام سے اکاؤنٹ کھولنا | 02 |
| 01 | اکاؤنٹ کھولنے کے لیے مقررہ فارم پر کرنا | 03 |
| 02 | کسٹمرز کو لازمی ٹیرف اسٹرکچر کی فراہمی | 04 |
| 02 | ایس اے او ایف میں معلومات کی فراہمی، سی ڈی سی کا اسٹینڈرڈ ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کا فارم اور این سی سی پی ایل کا یو آئی این ڈیٹا بیس | 05 |
| 03 | کسٹمرز کی رقم اور سیکیورٹیز کی علیحدگی کی شرائط | 06 |
| 03 | ٹریڈنگ آرڈرز/ ہدایات | 07 |
| 03 | آن لائن ٹریڈنگ | 08 |
| 04 | مارجن جمع کرانے کے لیے کسٹمرز کی ذمہ داری | 09 |
| 04 | ادائیگی (پے منٹ) کے ذرائع/ رسید | 10 |
| 04 | کنٹریکٹ نوٹس کی فراہمی (ٹرانسمشن)/ ٹریڈ کنفرمیشن | 11 |
| 05 | سیکیورٹیز کی ٹریڈ کے لیے این سی سی پی ایل یا سی ڈی سی کی جانب سے ایس ایم ایس اور/ یا ای الرٹ | 12 |
| 05 | سی ڈی سی کے ذریعے سیکیورٹیز پوزیشن کی تصدیق | 13 |
| 05 | کیش اور سیکیورٹیز پوزیشن ظاہر کرنے کے لیے لیجر کی تفصیلات حاصل کرنے کا حق | 14 |
| 05 | پی ایس ایکس بروکر کی جانب سے سہ ماہی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کی لازمی فراہمی | 15 |
| 06 | سی ڈی سی میں آئی اے ایس کھولنے کی سہولت | 16 |
| 06 | سی ڈی سی کے ڈی ایس ایس اور این سی سی پی ایل کے این سی ایس کے ذریعے ٹریڈ کے براہ راست سیٹلمنٹ | 17 |
| 07 | این سی سی پی ایل کے یو آئی این انفارمیشن سسٹم کے ذریعے آن لائن رسائی | 18 |
| 07 | مقررہ رسک ڈس کلوژر دستاویز | 19 |
| 07 | کسٹمرز کو مقررہ/ خاص ریٹرن کی گارنٹی دینے کی ممانعت | 20 |
| 08 | شکایات کے ازالے کا میکنزم | 21 |
| 08 | ایس ای سی پی/ سی ڈی سی/ این سی سی پی ایل اور جمع پونجی کی ویب سائیٹ کو پابندی سے دیکھنا | 22 |
| 09 | اس گائیڈ میں استعمال کی جانے والی بنیادی اصطلاحات کی تعریف | 23 |
| 10 | سیکیورٹیز مارکیٹ میں ٹریڈنگ کا عمومی عمل | 24 |

## 01: اپنے بروکر/ بروکر کے نمائندوں اور رجسٹرڈ برانچوں کے بارے میں جاننا

سیکیورٹیز ایکٹ 2015 کے تحت سیکیورٹیز بروکرز (لائسنسنگ اینڈ آپریشنز) ریگولیشنز 2016 کے مطابق بروکر، سیکیورٹیز بروکر (جسے پی ایس ایکس بروکر کہا جائے گا) کی حیثیت سے پی ایس ایکس بروکر کی حیثیت سے کام کرنے کے لیے ایس ای سی پی سے لائسنس یافتہ اور رجسٹرڈ بروکر ہو۔ اسی طرح، پی ایس ایکس کا کوئی نمائندہ، جس میں پی ایس ایکس بروکر کا ایجنٹ بھی شامل ہے، کے لیے بھی لازمی ہے کہ وہ پی ایس ایکس بروکر کے نمائندے کی حیثیت سے ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ ہو۔

پی ایس ایکس بروکرز اور ان کے نمائندوں کی تصدیق وہ پہلا احتیاطی اقدام ہے جو سرمایہ کاروں کو کرنا چاہیے تا کہ ان کو یہ یقین ہو سکے کہ وہ ایک رجسٹرڈ فرد اور رجسٹرڈ مقام کے ذریعے سے ٹریڈنگ کر رہے ہیں، سرمایہ کاروں بہت آسانی کے ساتھ پی ایس ایکس بروکرز اور ان کی برانچز کی تازہ ترین فہرست پی ایس ایکس کی ویب سائیٹ: www.psx.com.pk اور جمع پونجی www.jamapunji.pk پر ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

مندرجہ بالا معلومات بہت ضروری ہیں کیونکہ اگر آپ کسی غیر رجسٹرڈ پی ایس ایکس بروکر یا اس کے نمائندے کے ذریعے کاروبار کریں گے تو بعد ازاں آپ کی رقم اور/سیکیورٹیز ڈوب سکتی ہیں یا وہ اس کاروبار سے باہر نکل سکتی ہیں، اس صورت میں آپ کے پاس اپنی رقم واپس حاصل کرنے کا کوئی راستہ نہیں ہوگا اور آپ ایس ای سی پی یا پی ایس ایکس، سی ڈی سی اور این سی سی پی ایل سمیت کیپیٹل مارکیٹ کے کسی دوسرے انسٹی ٹیوشنز میں اس کے خلاف کوئی شکایت بھی درج نہیں کرا سکیں گے۔ اس لیے تمام سرمایہ کاروں کو سختی سے یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ ایک رجسٹرڈ پی ایس ایکس بروکر اور/ یا اس کے نمائندے اور ان کی رجسٹرڈ برانچز کے ذریعے کاروبار کر رہے ہیں۔

## 02: اپنے نام سے اکاؤنٹ کھولنا

کسٹمرز کو خود ان کے مفاد میں یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ پی ایس ایکس بروکرز کے پاس خود اپنے نام پر ہی اکاؤنٹ کھولیں اور اس بات کی بھی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ کسٹمرز اپنا اکاؤنٹ خود ہی آپریٹ کریں، تاہم اگر کسٹمر اپنا اکاؤنٹ خود آپریٹ کرنے کا خواہشمند نہیں ہے تو اسے اپنا ٹریڈنگ اکاؤنٹ آپریٹ کرنے کا اختیار کسی قابل اعتماد فرد کو تحریری صورت میں ہی دینا چاہیے اور اکاؤنٹ کھولتے وقت پی ایس ایکس بروکر کے پاس تحریری اختیار جمع کرانا چاہیے، کسٹمر کو چاہیے کہ وہ اس تحریری اختیار کا ریکارڈ اپنے پاس محفوظ رکھے۔

کسٹمرز لازمی طور پر یہ نوٹ کر لیں کہ ان کے اکاؤنٹ کے ذریعے ان کے مقرر کردہ فرد کی ہدایات کے نتیجے میں کی جانے والی تمام ٹرانزیکشنز میں ہونے والے کسی بھی نقصان اور کلیم کے وہ کلی طور پر خود ذمے دار ہوں گے۔ برائے مہربانی یہ بات ذہن میں رکھیں کہ آپ کی جانب سے دیے جانے والے اختیار کا غلط استعمال بھی ہو سکتا ہے اور اس میں فراڈ ہونے کا احتمال بھی ہوتا ہے۔ اس لیے کسٹمرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے اکاؤنٹ میں ہونے والی کسی بھی بوگس سرگرمی کے بارے میں محتاط رہیں اور اکاؤنٹ آپریٹ کرنے کے لیے کسی ایسے فرد کا انتخاب کریں جس سے یہ بات یقینی ہو کہ ان کے اکاؤنٹ سے ہونے والی تمام ٹریڈز کا ان کو علم ہو۔

## 03: اکاؤنٹ کھولنے کا مقررہ فارم پر کرنا

پی ایس ایکس بروکرز کے ضروری ہے کہ وہ اپنے تمام کسٹمرز کے لیے اسٹینڈرڈ اکاؤنٹ اوپننگ فارم (ایس اے او ایف) ہی استعمال کریں، ایس اے او ایف

ہی کنٹریکچوئل ایگریمنٹ کا وہ بنیادی ذریعہ ہے جس میں وہ کم ازکم شرائط وضوابط ہیں جو پی ایس ایکس بروکر اور کسٹمرز کو یکساں طور پر عملدرآمد کا پابند کرتے ہیں۔

کسٹمرز کے لیےضروری ہے کہ وہ اسٹاک مارکیٹ میں ٹریڈنگ شروع کرنے کے لیے پی ایس ایکس بروکر کی جانب سےفراہم کردہ ایس اے او ایف کے تمام متعلقہ مندرجات پر کریں اور غیر متعلقہ مندرجات کے خانے کو کاٹ دیں۔ اس عمل سے یہ بات یقینی بنائی جا سکے گی کہ فارم میں فراہم کردہ تمام معلومات ان کے علم میں رہیں اور ان کے علم میں لائے بغیر کوئی اور معلومات شامل نہیں کی جا سکیں گی۔ کسٹمرز کی جانب سے ایس اے او ایف میں درست، مکمل اور تازہ ترین معلومات کی فراہمی اور متعلقہ دستاویزات کی فراہمی ضروری ہے جس سے ان کی شناخت مکمل ہوتی ہے اور اس سے ریگولیٹرز بھی موثر طریقے سے خدمات فراہم کر سکتے ہیں۔ کسٹمرز کو چاہیے کہ وہ ایس اے او ایف میں درج تمام شرائط وضوابط کو اچھے طریقے سے پڑھے اور سمجھ لے اور اپنی معلومات اور ریکارڈ کے مقصد کے لیے اپنے بروکر سے کسٹمر اور پی ایس ایکس بروکر کی دستخط شدہ ایس اے او ایف کی کاپی حاصل کرلے۔

پی ایس ایکس کی جانب سے لازمی طور پر اپنے کسٹمرز کو جاری کیا جانے والا ایس اے او ایف، پی ایس ایکس ریگولیشنز کے باب 4 کے اینکسچر۔1،(Annexure-I) میں موجود ہے۔

نوٹ: پی ایس ایکس ریگولیشنز، پی ایس ایکس کی ویب سائیٹ www.psx.com.pk کے لیگل فریم ورک سیکشن میں انگریزی اور اردو زبانوں میں دستیاب ہیں۔

## 04: کسٹمرز کو لازمی ٹیرف اسٹرکچر کی فراہمی

ہر پی ایس ایکس بروکر کے لیے قانونی طور پر لازم ہے کہ وہ اپنے کسٹمرز کو مندرجہ ذیل معلومات پر مبنی قابل اطلاق ٹیرف شیڈول کی دستخط شدہ کاپی فراہم کرے۔

الف۔ کمیشن ریٹ اور دیگر چارجز

ب۔ قابل اطلاق ریگولیٹری لیویز مثلاً، پی ایس ایکس، سی ڈی سی، این سی سی پی ایل اور ایس ای سی پی کی ٹریڈ یا ٹرانزیکشن فیس وغیرہ۔

پ۔ قابل اطلاق قانونی لیویز مثلاً وفاقی اور صوبائی حکومت کے ٹیکسز اور ڈیوٹیز۔

کسٹمرز کے لیے لازمی ہے کہ وہ اکاونٹ کھولتے وقت پی ایس ایکس بروکر سے درج بالا ٹیرف اسٹرکچر کی کاپی حاصل کریں اور سیکیورٹیز یا فیوچر کنٹریکٹ میں ٹریڈنگ کی ٹرانزیکشن کی لاگت کے تعین کے بارے میں اسے پڑھ لیں۔ کمیشن ریٹ میں کوئی بھی تبدیلی نہیں کی جائے گی تاوقتیکہ تبدیلی کے لیے کسٹمر اور پی ایس یکس بروکر کی رضامندی اور دونوں کی جانب سے دستخط نہ کیے گئے ہوں۔

## 05: ایس اے او ایف میں معلومات کی فراہمی، سی ڈی سی کا ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کا اسٹینڈرڈ فارم اور این سی سی پی ایل کا یو آئی این ڈیٹا بیس

یہ ضروری ہے کہ متعلقہ کسٹمر کی سیکیورٹیز کی تحویل (Custody) اور سٹلمنٹ کے لیے پی ایس ایکس بروکر کی جانب سے کھولے جانے والے متعلقہ کسٹمر کے اکاونٹ کے یو آئی این اور سی ڈی سی کے اسٹینڈرڈ ذیلی اکاونٹ کھولنے کے لیے فارم میں ایس اے او ایف میں فراہم کردہ معلومات این سی سی پی ایل کے یو آئی این ڈیٹا بیس میں دی گئی معلومات سے یکساں ہوں۔ کسٹمرز اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کی رجسٹریشن کی معلومات جیسا کہ سی این آئی سی نمبر، موبائل نمبر، ای

میل ایڈریس اور رہائشی پتہ ایس اے او ایف، سی ڈی سی کے سنٹرل ڈپازیٹری سسٹم (سی ڈی سی) اور این سی سی پی ایل کے نیشنل کلیئرنگ اینڈ سٹلمنٹ سسٹم (این سی ایس ایس) میں درست ریکارڈ کیا گیا ہو۔

مزید براں کسٹمرز معلومات کی درستگی اور جامعیت کی تصدیق کے بعد پی ایس ایکس بروکر کی جانب سے فراہم کردہ سی ڈی سی سیٹ اپ رپورٹ پر دستخط کو یقینی بنائیں۔

## 06: کسٹمرز کی رقم اور سیکیورٹیز کی علیحدگی کی شرائط

پی ایس ایکس بروکر قانونی طور پر پابندی ہیں کہ وہ کسٹمرز کی رقم اور سیکیورٹیز اپنے رقم اور سیکیورٹیز سے الگ رکھیں اور کسٹمرز کے فنڈز اور سیکیورٹیز کو اپنے مقاصد/ فائدے کے لے استعمال کرنے سے اجتناب کریں۔ اکاونٹ کھولتے وقت کسٹمرز (ایک بار) پی ایس ایکس بروکر کو ان کی سیکیورٹیز سنبھالنے، ان کے بروکر کے ساتھ بنائے گئے سی ڈی سی ذیلی اکاونٹ میں تک دسترس، کے لیے اختیار دینے کا اظہار کرتے ہیں جو سیکیورٹیز کی ٹرانزیکشن کے لیے کچھ مخصوص مقاصد کے لے سی ڈی سی ذیلی اکاونٹ کھولنے کے فارم میں درج ہیں۔ کسٹمرز کے لیے لازمی ہے کہ وہ ان مقاصد کے بارے میں بغور پڑھیں اور شرائط وضوابط کو سمجھے بغیر کسی بھی دستاویز پر دستخط نہ کریں۔

## 07: ٹریڈنگ کے لیے آرڈرز/ ہدایات

کسٹمرز ہر ٹریڈ کے لیے پی ایس ایکس بروکر کو مواصلات کے قابل قبول طریقے سے تحریری طور پر، ٹیلی فون/ موبائل کے ذریعے زبانی یا انٹرنیٹ ٹریڈنگ سسٹم کے ذریعے آرڈر کی ہدایات دیں۔ آرڈر دیتے وقت کسٹمرز مکمل احتیاط کریں اور واضح طور پر ہدایات جاری کریں کہ آرڈر خریداری، فروخت یا شارٹ سیل کے لیے ہے۔

کسٹمرز نوٹ کریں کہ بلینک سیل (سیل جس میں پہلے سے کوئی ہولڈنگ نہ ہو) کی فروخت کے آرڈر دیتے وقت ریڈی/ ریگولر (T+2) سٹلمنٹ مارکیٹ میں سخت ممانعت ہے۔ تاہم ڈیلیوراایبل (Deliverable) فیوچر کنٹریکٹ مارکیٹ میں اسپیشل آرڈر کے ذریعے کراچی آٹومیٹڈ ٹریڈنگ سسٹم (KATS) میں مقررہ F8 ونڈو کے ذریعے بلینک سیل کی اجازت ہے بشرطیکہ بلینک سیل کی حد کا تعین پی ایس ایکس ضوابط کے باب 13 کے مطابق ہو۔

مزید، پی ایس ایکس بروکرز/ نمائندگان کو آ کر زبانی طور پر آرڈر دینے والے کسٹمرز کو چاہیے کہ وہ تحریری طور پر ایسے آرڈرز کے بارے میں پی ایس ایکس بروکرز/ نمائندگان کو مطلع کریں۔

## 08: آن لائن ٹریڈنگ

سیکیورٹیز مارکیٹ میں ٹریڈنگ کو آن لائن ٹریڈنگ سروس کو متعارف کرانے کے ذریعے آسان، سستا اور تیز ترین بنا دیا گیا ہے، اگرچہ اس کے ذریعے کسٹمرز کو متعدد فوائد حاصل ہوتے ہیں تاہم آن لائن ٹریڈنگ مکمل طور پر محفوظ اور قابل اعتماد نہیں ہوسکتی اور تیکنیکی رکاوٹوں کی وجہ سے اس کے ذریعے معلومات اور عملدرآمد کی ہدایات کی ترسیل میں تاخیر ہوسکتی ہے، کسٹمرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ آن لائن ٹریڈنگ میں موجود رسک کو جانتے ہوں اور اپنی ٹریڈ انفارمیشن کو صیغہ راز میں رکھنے اور محفوظ رکھنے کے لیے اہم سیکیورٹی فیچرز کو جان لیں، مزید براں کسٹمرز کو اس بات کا لازمی طور پر مکمل علم ہونا چاہیے کہ وہ آن لائن ٹریڈنگ

کے رسائی کے کوڈ اور/ پاس ورڈ تک کسی غیر متعلقہ فرد یا کوئی غیر متعلقہ استعمال کی صورت میں نتائج کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔

## 09: مارجن جمع کرانے کے لیے کسٹمرز کی ذمہ داری

کسٹمرز پر تمام قابل اطلاق مارجنز (ایکسپوژر مارجنز، مارکیٹ ٹو مارکیٹ ماجنز اور کوئی دیگر قابل اطلاق مارجنز) جمع کرانا لازم ہے جو پی ایس ایکس بروکر کے لیے کسی بھی مارکیٹ میں ٹریڈ کے لیے ضروری ہے۔ ایسے مارجنز این سی سی پی ایل ضوابط سے متعلق باب 2 کے شیڈول II کے تحت کسی بھی صورت میں جمع کرائے جاسکتے ہیں۔

## 10: ادائیگی (پے منٹ) کے ذرائع/ رسید یں

کسٹمرز کے لیے لازمی ہے کہ وہ پی ایس ایکس بروکر سے صرف کراس چیک/ بینک ڈرافٹ/ پے آرڈر یا دیگر بینکنگ چینل کے ذریعے تمام ادائیگیاں اپنے نام پر وصول کریں۔ اسی طرح کسٹمرز پی ایس ایکس بروکرز کے نام پر A/c Payee Only کراس چیک، بینک ڈرافٹ، پے آرڈر یا دیگر کسی بینکنگ چینل کے ذریعے ادائیگیاں کریں اور رسید حاصل کریں۔ نقدی ادائیگی (زیادہ سے زیادہ پچیس ہزار روپے کی اجازت ہے) کی صورت میں کسٹمرز رسید حاصل کریں جس میں خاص طور پر ذکر کیا گیا ہو کہ ادائیگی مارجن کے لیے ہے یا سیکیورٹیز کی خریداری کے لیے۔

تاہم جب ضروری ہو تو پی ایس ایکس بروکر غیر معمولی حالات میں کسٹمرز سے پچیس ہزار سے زائد نقد رقم وصول کر سکتے ہیں۔ بروکر کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایسے حالات کے بارے میں پی ایس ایکس کو ٹریڈنگ کے ایک روز کے اندر مجوزہ رپورٹنگ کے میکانزم کے ذریعے آگاہ کریں۔

## 11: کنٹریکٹ نوٹس کی فراہمی (ٹرانسمشن)/ ٹریڈ کنفرمیشن

پی ایس ایکس بروکرز کو چاہیے کہ وہ کسٹمرز کو 24 گھنٹے کے اندر یومیہ ٹریڈز کے بارے میں خریداری، فروخت یا سیکیوریٹیز کے تبادلے کے بارے میں کنٹریکٹ نوٹ ارسال کریں جو کسٹمرز کے ساتھ مقرر کردہ طریقے کار کے مطابق ہو اور جو قابل تصدیق ہو۔ ایسے کنٹریکٹ /ٹریڈ کنفرمیشن نوٹس میں ٹریڈ سے متعلق تمام معلومات بمعہ پی ایس ایکس بروکر کا نام، لائسنس نمبر، اور پتہ نیز اس ٹریڈ پر لاگو ہونے والے کمیشن ریٹ دیگر قابل اطلاق فیس/ لیویز شامل ہوں۔

کسٹمرز پی ایس ایکس بروکرز کی جانب سے فراہم کردہ کنٹریکٹ نوٹس کی وصولی کو یقینی بنائیں جن کے ذریعے بروکرز نے ٹریڈ کی ہے اور کسٹمرز اسکی تصدیق کریں کہ وہ ٹریڈز ان کی جاری کردہ ہدایات کے مطابق ہیں۔

کنٹریکٹ نوٹس جاری نہ ہونے یا اس میں کسی تضاد کی صورت میں کسٹمرز کو چاہیے کہ وہ پی ایس ایکس بروکر کو اس کے بارے میں ایک کاروباری روز کے اندر آگاہ کریں بصورت دیگر ٹریڈ مکمل تصور ہوگی اور کسٹمر اس کا پابند ہوگا۔ اگر پی ایس ایکس بروکر اس تضاد کو درست نہیں کرتا یا کسٹمر کو جواب نہیں دیتا تو اس کسٹمر کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر پی ایس ایکس کے ریگولیٹری افیئرز ڈویژن کو تحریری طور پر شکایت کریں۔ شکایت کے لیے مکمل انوسٹرز کمپلینٹ /کلیم فارم پی ایس ایکس کی ویب سائٹ www.psx.com.pk س پر جا کر Investor Center سے ڈاؤن لوڈ کریں یا براہ راست آن لائن ای کمپلینٹس

http://csir.psx.com.pk. پر درج کرائیں۔

## 12: سیکیورٹیز کی ٹریڈ کے لیے این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کی جانب سے ایس ایم ایس اور/ یا ای الرٹ

کسٹمرز کو ان کی ٹریڈ اور ٹرانزیکشن کے بارے میں تیز ترین اور آسان طریقے سے اپ ڈیٹ رکھنے کے لیے این سی سی پی ایل ٹریڈز کے اختتام پر ایس ایم ایس اور/ یا ای میل کے ذریعے دن میں یو آئی این پر ہونے والی ٹریڈنگ کی معلومات فراہم کرتی ہے۔ اسی طرح سی ڈی سی کسٹمرز کو ان کے حصص کی سی ڈی ایس میں نقل و حرکت کے بارے میں ایس ایم ایس اور /ای الرٹ جاری کرتی ہے۔

الرٹ کی ان سہولتوں سے مستفید ہونے اور اپنی یومیہ ٹریڈز سے باخبر رہنے اور اس کا ریکارڈ رکھنے کے لیے کسٹمرز یقینی بنائیں کہ وہ اپنا موبائل نمبر اور/ یا ای میل ایڈریس این سی سی پی ایل کو فراہم کریں اور کسی تبدیلی کی صورت میں اپ ڈیٹ کرائیں۔

## 13: سی ڈی سی کے ذریعے سیکیورٹیز پوزیشنز کی تصدیق

کسٹمرز اپنی سیکیورٹیز کی سی ڈی سی میں ذیلی اکاونٹ میں پوزیشن کے بارے میں معلومات کے حصول کے لیے سی ڈی سی سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ کسٹمرز اس معلومات کا موازنہ پی ایس ایکس بروکر کی جانب سے سہ ماہی اکاونٹ اسٹیٹمنٹس کے ذریعے یا کسٹمرز کی جانب سے درخواست پر فراہم کردہ ریکارڈ سے کر سکتے ہیں۔ سی ڈی سی کی جانب سے فراہم کردہ اور پی ایس ایکس بروکر کی جانب سے فراہم کردہ معلومات میں تضاد کی صورت میں کسٹمرز کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر بروکر سے تضاد کے خاتمے کے لیے رجوع کریں۔ عدم تعاون یا مسئلہ حل نہ ہونیکی صورت میں کسٹمر کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر پی ایس ایکس کے ریگولیٹری افیئرز ڈویژن کو تحریری طور پر شکایت کریں۔ شکایت کے لیے مکمل انوسٹرز کمپلینٹ /کلیم فارم پی ایس ایکس کی ویب سائٹ www.psx.com.pk س پر جا کر Investor Center سے ڈاؤن لوڈ کریں یا براہ راست آن لائن ای کمپلینٹس http://csir.psx.com.pk. پر درج کرائیں۔

## 14: کیش اور سیکیورٹیز پوزیشن ظاہر کرنے کے لیے لیجر کی تفصیلات حاصل کرنے کا حق

کسٹمرز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ پی ایس ایکس بروکر کے پاس کھولے جانے والے ان کے اکاؤنٹ کے کیش اور پورٹ فولیو پوزیشن پر مبنی لیجر اسٹیٹمنٹ کی کاپی تواتر کے ساتھ حاصل کرے جس پر پی ایس ایکس بروکر یا اس کے مجاز نمائندے کی جانب سے دستخط اور آفیشل مہر ثبت کی گئی ہو۔ لیجر اسٹیٹمنٹ میں کسی تضاد کی صورت میں کسٹمر کی ذمے داری ہے کہ وہ پی ایس ایکس بروکر کو یہ تضاد دور کرنے کے لیے یہ اسٹیٹمنٹ ملنے کے بعد ایک ٹریڈنگ روز میں مطلع کرے۔ تضاد دور نہ ہونے کی صورت میں کسٹمر کو چاہیے کہ وہ اس سلسلے میں پی ایس ایکس کو رپورٹ کرے۔ پی ایس ایکس بروکر کے مجاز نمائندے کا نام برانچ/ آفس کے داخلی دروازے پر آویزاں ہوتا ہے۔

## 15: پی ایس ایکس بروکر کی جانب سے سہ ماہی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کی لازمی فراہمی

پی ایس ایکس بروکرز کے پاس رکھے کسٹمرز کے اثاثوں کی حفاظت اور سیکیورٹیز انڈسٹری میں شفافیت کے لیے ہر پی ایس ایکس بروکر کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے کسٹمرز کو سہ ماہی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ فراہم کرے اور یہ اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ ہر سہ ماہی کے اختتام کے بعد 15 روز کے اندر کسٹمرز کی جانب سے مقرر کردہ

قابل قبول کمیونیکیشن کے ذریعے سے فراہم کی جائے ،اس سہ ماہی اسٹیٹمنٹ میں لازمی طور پر پرکیشن لیجر اسٹیٹمنٹ بمعہ اوپننگ اور کلوزنگ کیش بیلنس، پی ایس ایکس بروکر کے بیک آفس ریکارڈ کے مطابق سیکیورٹیز کی پوزیشن اند سی ڈی ایس ریکارڈ کے مطابق سیکیورٹیز پوزیشن بمعہ کسی بھی اختلاف کی صورت میں مفاہمت کی تفصیلات شامل ہونی چاہییں۔

کسٹمرز لازمی طور پر پی ایس ایکس بروکر کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہ ماہی اسٹیٹمنٹ کو حاصل کریں، اسے پڑھیں اور تصدیق کریں تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ اس اسٹیٹمنٹ میں کیش اور سیکیوریٹیز کی پوزیشن اس سہ ماہی کے دوران پی ایس ایکس بروکرز کو کلائنٹس آرڈر ہدایات کے مطابق بالکل صحیح ہیں۔ کسی تضاد کی صورت میں کسٹمر کو چاہیے کہ وہ اس تضاد کو دور کرنے کے لیے فوری طور پر پی ایس ایکس بروکر کو رپورٹ کرے اور اس سلسلے میں پی ایس ایکس کو بھی investor.complaints@psx.com.pk پر مطلع کرے۔ کوئی معاونت نہ ہونے یا معاملہ حل نہ ہونے کی صورت میں کسٹمر کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر پی ایس ایکس کے ریگولیٹری افیئرز ڈویژن میں تحریری طور پر شکایت درج کرائیں، یہ تحریری شکایت انویسٹرز کمپلینٹ فارم/کلیم فارم کو پر کر کے درج کرائی جاسکتی ہے، یہ فارم پی ایس ایکس کی ویب سائیٹ www.psx.com.pk سے انویسٹر سینٹر کے لنک سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتے ہیں، تحریری شکایت براہ راست آن لائن ای کمپلینٹ http://csir.psx.com.pk پر بھی درج کرائی جاسکتی ہے۔

## 16: سی ڈی سی میں انویسٹر اکاونٹ کھولنے کی سہولت

سی ڈی سی کی جانب سے کسٹمرز کو سی ڈی سی میں براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولنے اور اس کو برقرار رکھنے کے لیے انویسٹر اکاؤنٹ کا عمدہ آپشن فراہم کیا جارہا ہے جس کے ذریعے سیکیورٹیز کی محفوظ تحویل کو یقینی بنایا جاتا ہے کیونکہ یہ اکاؤنٹس پی ایس ایکس بروکرز کی مداخلت کے بغیر براہ راست سی ڈی سی کے ذریعے برقرار رکھے جاتے ہیں۔ انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز اپنی سیکیورٹیز پر براہ راست اور مکمل کنٹرول رکھتے ہیں کیونکہ یہ اکاؤنٹس صرف انویسٹرز کی ہدایات کے مطابق آپریٹ کیے جاتے ہیں۔ اس اکاؤنٹ پر متعدد "ویلیو ایڈڈ سروسز" ہر وقت دستیاب ہوتی ہیں جن کے ذریعے اکاؤنٹ، کیش بیلنس اور کیش کی سرگرمیوں کو مخصوص کردہ ویب پورٹل، انٹرا ایکٹو وائس رسپانس (آئی وی آر)، ایس ایم ایس، ای اسٹیٹمنٹ اور ای الرٹ کے ذریعے دیکھا جاسکتا ہے۔

## 17: سی ڈی سی کے ڈی ایس ایس اور این سی سی پی ایل کے این سی ایس کے ذریعے ٹریڈ کے براہ راست سیٹلمنٹ

کسٹمرز کی ٹریڈ کے سیٹلمنٹ کے عمل اور کلیئرنگ کو مزید موثر اور شفاف بنانے کے لیے اور ان کے کیش اور سیکیورٹیز کو زیادہ سے زیادہ تحفظ دینے کے لیے سی ڈی سی اور این سی سی پی ایل کی جانب سے اسٹاک مارکیٹ کے انویسٹرز کے لیے بالترتیب نیشنل کسٹوڈیل سروسز (این سی ایس) اور ڈائریکٹ سیٹلمنٹ سروسز (ڈی ایس ایس) متعارف کرائی گئی ہیں۔

ان سروسز کے تحت پی ایس ایکس کے بروکرز صرف ٹریڈ پر عملدرآمد میں شامل ہوں گے جبکہ این سی سی پی ایل یا سی ڈی سی کی جانب سے ان ٹریڈز کے لیے کلیئرنگ، سیٹلمنٹ اور کسٹوڈیل سروسز فراہم کی جائیں گی۔ اس مقصد کے لیے انویسٹرز این سی سی پی ایل میں ویب پر این سی ایس اکاؤنٹ یا سی ڈی سی میں آئی اے ایس اکاؤنٹ کھولیں گے۔

ان ڈائریکٹ سیٹلمنٹ سہولتوں کے ذریعے انویسٹرز کو اپنے کیش اور سیکیورٹیز کو این سی سی پی ایل اور/ یا سی ڈی سی میں براہ راست متوازن رکھنے میں مدد ملتی

ہے۔کسٹمرز ان سروسز کے بارے میں مکمل تفصیلات این سی سی پی ایل کے پروڈکٹس اینڈ سروسز سیکشن ویب سائیٹ www.nccpl.com.pk اور سی ڈی سی کے بزنس سیکشن ویب سائیٹ www.cdcpakistan.com سے حاصل کر سکتے ہیں۔

## 18: این سی سی پی ایل کے یو آئی این انفارمیشن سسٹم کے ذریعے آن لائن رسائی

شفافیت بڑھانے، سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مستحکم کرنے اور کلائنٹس کی سیکیورٹیز میں غیر ضروری رسک کو کم کرنے کے لیے این سی سی پی ایل نے انویسٹرز کی اپنی ٹریڈنگ، سیٹلمنٹ اور متعلقہ معلومات کے لیے ویب پر یو آئی این انفارمیشن سسٹم تیار کیا ہے، اس سسٹم کے ذریعے یو آئی این ہولڈرز اس قابل ہوتے ہیں کہ وہ اپنے متعلقہ بروکرز سے اپنی ٹریڈنگ، سیٹلمنٹ اور متعلقہ معلومات اس مقصد کے لیے مخصوص آئی ڈی اور پاس ورڈ کے ذریعے بہت عمدہ طریقے سے دیکھ سکتے ہیں۔ یو آئی ایس کا درخواست فارم این سی سی پی ایل کی ویب سائیٹ www.nccpl.com.pk پر دستیاب ہے اور این سی سی پی ایل کے دفتر سے براہ راست بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## 19: مقررہ رسک ڈسکلوژر دستاویز

کسٹمرز کو رسک کے بارے سمجھنے اور اپنی مالی حالت کے تناظر، انویسٹمنٹ کے مقاصد اور موجود رسک کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمایہ کاری کے لیے باخبر ہو کر فیصلے کرنے کی سہولت فراہم کرنے کے لیے پی ایس ایکس نے سیکیورٹیز بروکرز (لائسنسنگ اینڈ آپریشنز) ریگولیشنز 2016 کی شق 13(1) کے تحت مطلوبہ رسک ڈسکلوژر دستاویز (Risk Disclosure Document) کا نمونہ (specimen) بنایا ہے، یہ رسک ڈسکلوژر دستاویز پی ایس ایکس پر ٹریڈ ہونے والے فنانشنل انسٹرومنٹس میں سرمایہ کاری اور ٹریڈنگ سے منسلک مختلف رسک (risks) کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

پی ایس ایکس بروکرز کے لیے لازمی ہے کہ وہ ہر نئے کسٹمر کو یہ رسک ڈسکلوژر دستاویز فراہم کریں اور کسٹمر کے دستخط بمعہ تاریخ کے ساتھ ایک اقرارنامہ لیں جس میں کسٹمرز تصدیق کریں کہ انہوں نے رسک ڈسکلوژر دستاویز کی نوعیت اور اس میں دیے گئے مواد کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے۔ اس وجہ سے کسٹمرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ خود اپنے مفاد میں پی ایس ایکس بروکر کے ساتھ کاروبار کے آغاز سے پہلے رسک ڈسکلوژر دستاویز کو غور سے پڑھ کر اچھی طرح سے سمجھ لیں۔

## 20: کسٹمرز کو مقررہ/خاص ریٹرن کی گارنٹی دینے کی ممانعت

پی ایس ایکس بروکرز کو کسٹمرز کے لیے یا اپنے اکاؤنٹ سے سیکیورٹیز کی خریداری، فروخت، تبادلے یا سبسکرائبنگ کے لیے لائسنس یافتہ ہیں دیے گئے ہیں۔ پی ایس ایکس بروکرز کے لیے پبلک/انویسٹرز سے مقررہ، گارنٹی شدہ، کم از کم یا مخصوص ریٹرن پر ڈپازٹ لینا قانوناً ممنوع ہے اور پبلک کے ساتھ فراڈ کرنے کے مترادف ہے، کسٹمرز کے لیے یہ جاننا لازمی ہے کہ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری میں کم و بیش رسک ہوتا ہے جس سے ان کے ریٹرن کی شرح میں اتار چڑھاؤ رہتا ہے اور ریٹرن کی حتمی شرح کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا۔ کسٹمرز کو چاہیے کہ وہ اس قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں سے محتاط رہیں اور چاہے کوئی بھی نام دیا جائے انہیں کسی بھی ایسے بروکرز کو ہرگز ڈپازٹ نہیں دینا چاہیے کیونکہ یہ غیر قانونی ہے اور اس قسم کے غیر قانونی ڈپازٹ کے لیے کسی بھی کلیم پر پی ایس ایکس کی جانب سے کوئی توجہ نہیں دی جائے گی اور نہ ہی اس پر غور کیا جائے گا کیونکہ یہ کیپیٹل مارکیٹ کی قانونی سرگرمیوں کے دائرہ کار سے باہر ہے۔

## 21: شکایات کے ازالے کا میکانزم

اگرکسی کسٹمر کا کسی پی ایس ایکس بروکر/نمائندے کے ساتھ کسی ٹریڈ یا ٹرانزیکشن کے حوالے سے کوئی تنازع پیدا ہوتا ہے اوراس تنازع کا کوئی مناسب حل نہیں نکلتا تو کسٹمر اس معاملے کا پر پی ایس ایکس ریگولیشنز کے باب 18 کے تحت ثالثی کے طریقہ کار کے مطابق ثالثی یا آربیٹریشن کے ذریعے نکالنے کے لیے پی ایس ایکس میں شکایت درج کرا سکتا ہے، اس قسم کی شکایات پی ایس ایکس کے ریگولیٹری افیئرز ڈویژن میں انویسٹرز کمپلینٹ /کلیم فارم کو پر کر کے تحریری صورت میں جمع کرائی جاسکتی ہیں، یہ فارم پی ایس ایکس ویب سائٹ www.psx.com.pk کے لنک "انویسٹر سینٹر" سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں یا براہ راست آن لائن http://csir.psx.com.pk پر شکایت درج کی جاسکتی ہے۔

## 22: ایس ای سی پی/سی ڈی سی/این سی سی پی ایل اور جمع پونجی کی ویب سائیٹ کو پابندی سے دیکھنا

ایس ای سی پی، پی ایس ایکس، سی ڈی سی اور این سی سی پی ایل کی ویب سائیٹس پر وقتاً فوقتاً جاری ہونے والے تمام قابل اطلاق قوانین، رولز، ریگولیشنز، گائیڈ لائنز، سرکلرز، نوٹیفکیشنز، وغیرہ وغیرہ کی کاپیاں دستیاب ہوتی ہیں۔اس کے علاوہ تمام طریقہ کار، عمل اور پی ایس ایکس بروکر کے پاس اکاؤنٹ کھولنے اور برقرار رکھنے کی ضروریات، کسٹمرز کو سہولت فراہم کرنے کے لیے پی ایس ایکس، سی ڈی سی اور این سی سی پی ایل کی جانب سے پیش کی جانے والی مختلف پروڈکٹس اور خدمات ان انسٹی ٹیوشنز کی ویب سائیٹ پر نمایاں اور واضح طور پر پیش کی گئی ہیں، کسٹمرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے آپ کو باخبر رکھنے کے لیے اور باخبر اور مناسب انویسٹمنٹ فیصلے کرنے کے لیے ان ویب سائیٹس کو پابندی سے دیکھتے رہیں۔

ہم اس بات پر دوبارہ زور دینا چاہتے ہیں کہ کسٹمرز کے لیے یہ بہت زیادہ ضروری ہے کہ وہ اپنے کیش اور سیکیورٹیز بیلنس کو پابندی سے مانیٹر کرتے رہیں اور اپنی بزنس ٹرانزیکشنز کا دستاویزی ریکارڈ بناتے رہیں، کسٹمر کے لیے لازمی ہے کہ ان کے کیش یا سیکیورٹیز بیلنس میں کسی تضاد کی صورت میں یا ٹریڈ کنفرمیشن نوٹس، پیریڈک اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ، ایس ایم ایس، اور/ یا ای الرٹ وغیر کی عدم وصولی پر پی ایس ایکس بروکر یا پی ایس ایکس کو فوری رپورٹ کریں

## 23: گائیڈ میں استعمال ہونے والی اہم اصطلاحات کی تعریف

### 01: کسٹمر

سیکیورٹیز ایکٹ 2015 کی شق 2 میں کسٹمر کی تعریف اس طرح کی گئی ہے کہ ''کوئی شخص، جس کی جانب سے ریگولیٹڈ شخص، ریگولیٹڈ سیکیورٹیز میں سرگرمی کرتا ہے اور کسی بھی شخص کو جسے عام طور پر سرمایہ کار کہا جاتا ہے شامل کرتا ہے''۔

### 02: نمائندہ

سیکیورٹیز ایکٹ 2015 کی شق 2 میں نمائندے کی تعریف اس طرح کی گئی ہے کہ ''کوئی فرد، کسی بھی نام سے پکارا جائے، ریگولیٹیڈ شخص کی ملازمت یا اس کا قائم مقام، یا انتظام کے ساتھ وہ اس ریگولیٹڈ شخص کے لیے کوئی سرگرمی انجام دیتا ہے (اکاونٹینٹس، کلرکوں اور کیشیئر کی جانب سے انجام دیئے جانے والے عام کام کے علاوہ)۔ چاہیے اسے معاوضہ دیا جاتا ہو یا نہیں، اور اس کا معاوضہ تنخواہ کے ذریعے، اجرت، کمیشن ہو یا کسی اور صورت میں ہو، اور بشمول کمپنی کا کوئی افسر جو کمپنی کے لیے کوئی ایسی سرگرمی انجام دیتا ہے چاہئے اسے معاوضہ دیا جاتا ہو یا نہیں اور چاہیے معاوضہ تنخواہ کے ذریعے، اجرت، کمیشن یا کوئی دیگر صورت میں ہو اور بشمول ریگولیٹڈ شخص کے ایجنٹ۔

### 03: سیکیورٹیز بروکر

سیکیورٹیز ایکٹ 2015 کی شق 2 میں سیکیورٹیز بروکر کی تعریف اس طرح کی گئی ہے کہ ''ایک ٹریڈنگ رائٹ انٹائٹلمنٹ سرٹیفکیٹ ہولڈر یا ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر جو، کاروبار کے ذریعے،

(الف) کسی بھی شخص کو سیکیورٹیز کی خرید، فروخت، تبادلے یا سبسکرائب کی پیشکش کرتا ہے یا راغب یا راغب کرنے کی کوشش کرتا ہے کسی بھی شخص کو کسی معاہدے میں شامل کرنے یا شامل ہونے کی پیشکش کرتا ہے۔۔ یا

(ب) کلائنٹس کے لیے یا اپنے اکاونٹ سے سیکیورٹیز کے لیے ترغیب دیتا ہے یا کوئی آرڈر قبول کرتا ہے، یا ٹرانزیکشن پر اثر انداز ہوتا ہے۔

### 04: پہلے سے پائی جانے والی دلچسپی کے ساتھ فروخت (Sale With Pre-Existing Interest)

پہلے سے پائی جانے والی دلچسپی کے ساتھ فروخت کی تعریف سیکیورٹیز بروکرز (لائسنس اینڈ آپریشنز) ضوابط 2016 کی شق 2 میں اس طرح کی گئی ہے کہ حساب چکانا:۔

(i) ایک ہی سٹلمنٹ میں پہلے خریداری یا مختلف سٹلمنٹ جو فروخت سے قبل سیٹل ہوگی، اور

(ii) مارجن ٹریڈنگ یا مارجن فنانسنگ میں بطور فنانسی اسی سیکیورٹیز کے اسی یو آئی این اکاونٹ میں اوپن پوزیشن''۔

# سیکیورٹیز مارکیٹ میں ٹریڈنگ کا عمومی طریقہ کار

01۔ سرمایہ کار جو لسٹڈ کمپنیوں کے حصص میں سرمایہ کاری کرنے کے خواہش مند ہوں انہیں چاہیے کہ پہلے وہ کسی بھی پی ایس ایکس بروکر کے پاس اکاونٹ کھولیں۔ بروکر بطور سیکیورٹیز بروکر سیکیورٹیز بروکر (لائسنسنگ اینڈ آپریشنز) ضوابط 2016 کے تحت ایس ای سی پی سے لائسنس یافتہ ہو۔

02۔ حصص کی تحویل اور سٹلمنٹ کے لیے سی ڈی سی کے پاس انوسٹر اکاونٹ یا بروکر کے پاس ذیلی اکاونٹ کھولیں۔

03۔ بروکر کسٹمر سے مارجن کی رقم براہ راست جمع کرانے کے لیے کہہ سکتا ہے۔

04۔ کسٹمرز کو چاہیے کہ وہ خرید وفروخت کے لیے پی ایس ایکس بروکر کو آرڈر کی واضح ہدایات دیں

05۔ پی ایس ایکس بروکر ٹریڈ آرڈر KATS پر دیتا ہے۔

06۔ پی ایس ایکس بروکر کسٹمرز کو 24 گھنٹے کے اندر KATS پر ہونے والی تمام خرید وفروخت کی تصدیق کی مکمل تفصیلات فراہم کرتا ہے بشمول ٹریڈ پر قابل اطلاق کمیشن چارجز اور دیگر لیویز/ٹیکسیز ظاہر کرنے کے۔

07۔ کسٹمر کو لازماً این سی سی پی ایل کی جانب سے کاروباری روز کے اختتام پر ٹریڈ سے متعلق ایس ایم ایس (مقامی کسٹمر کے لیے) اور ای میل (غیر ملکی کسٹمر کے لیے) الرٹ موصول ہونا چاہیے۔

08۔ کسٹمر کو سی ڈی سی کی جانب سے دن کے اختتام پر ان کی سیکیورٹیز کی نقل وحمل سے متعلق ایس ایم ایس یا ای میل کے ذریعے الرٹ موصول ہونا چاہیے۔

09۔ کسٹمر این سی سی پی ایل کی یو آئی ایس سروسز کے لیے رجسٹر ہو سکتے ہیں تاکہ وہ پی ایس ایکس بروکر کی جانب سے کی جانے والی ٹریڈ کو مانیٹر کر سکیں اور این سی سی پی ایل کے ریکارڈ میں دن کے اختتام پر دستیاب سیکیورٹیز کی پوزیشن معلوم کر سکیں۔

10۔ حصص کی خریداری کے لیے کسٹمرز کے بروکرز (ٹریڈ کی تاریخ پر این سی سی پی ایل یا سی ڈی سی کے ساتھ این سی ایس یا ڈی ایس ایس کسٹمرز کی صورت میں) کے پاس سٹلمنٹ کی تاریخ پر ٹریڈ کو سٹل کرنے کے لیے لازمی طور پر مناسب فنڈز ہونے چاہیں۔ سٹلمنٹ کی رقم کی ادائیگی کے بعد حصص کسٹمر کے سی ڈی سی اکاونٹ میں سٹلمنٹ کے روز منتقل کر دیے جاتے ہیں اور کسٹمر ایسے حصص کا قانونی/مستفید ہونے والا مالک بن جاتا ہے۔ اسی طرح حصص کی فروخت کے لیے کسٹمرز کے (ٹریڈ کی تاریخ پر این سی سی پی ایل یا سی ڈی سی کے ساتھ این سی ایس یا ڈی ایس ایس کسٹمرز کی صورت میں) کے پاس سٹلمنٹ کی تاریخ پر ٹریڈ کو سٹل کرنے کے لیے لازمی طور پر مناسب حصص ہونے چاہیں۔ خریداری کرنے والے فریق کی جانب سے رقم وصول کرنے کے بعد حصص خریدار فریق کو منتقل کر دیے جاتے ہیں اور اس طرح ٹرانزیکشن مکمل تصور کی جاتی ہے۔

11۔ کسٹمرز پی ایس ایکس بروکر کی جانب سے سہ ماہی اکاونٹ اسٹیٹمنٹ لازمی طور پر وصولی کریں جس میں سی ڈی سی ریکارڈ کے مطابق کیش اور سیکیورٹیز کی تفصیلات درج ہوتی ہیں جس کو وہ اپنے دفتر میں موجود ریکارڈ کے ساتھ موازنہ کریں اس میں کسی تضاد کی صورت میں مفاہمت کریں۔ تاہم پی ایس بروکر کسٹمر کی جانب سے متعین کردہ فریکوئنسی کے مطابق اکاونٹ اسٹیٹمنٹ فراہم کر سکتے ہیں۔

نوٹ: کسٹمرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ نوٹ کر لیں کہ اوپر بیان کیا گیا عام سیکیورٹیز کی ٹریڈ کا طریقہ کار "سرمایہ کاروں کی رہنمائی کی ہدایات" میں متعین کردہ شرائط اور قابل اطلاق سیکیورٹیز قوانین، ضوابط، پالیسیوں، ہدایات، نوٹسز اور طریق عمل وغیرہ سے مشروط ہے۔

# مزید تفصیلات یا سوالات کے لیے:

## سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

ہیڈ آفس: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان
این آئی سی بلڈنگ، 63 جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد۔44000، پاکستان
یو اے این: 051-111-117-327
www.secp.gov.pk or www.jamapunji.pk

## پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس)

ہیڈ آفس: اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی۔74000، پاکستان
یو اے این: 021-111-001-122

**برانچ آفس لاہور**

ایل ایس ای پلازہ، 19 خیابان ایوان اقبال، لاہور۔54000، پاکستان
فون: 042-36316974

**برانچ آفس اسلام آباد**

آفس # جی۔13، گراؤنڈ فلور، آئی ایس ای ٹاور، بی۔55، جناح ایونیو، اسلام آباد، پاکستان
فون: 051-2894500
www.psx.com.pk

## سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی)

ہیڈ آفس: سی ڈی سی ہاؤس، بی۔99، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شارع فیصل، کراچی۔74400
(92-21) 111-111-500
کال سینٹر: 0800-23275
بیرون ملک سے فون کرنے کے لیے: 34326038 (9221)+
www.cdcpakistan.com

## نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل)

ہیڈ آفس: 8 ویں منزل، پاکستان اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی۔74000، پاکستان
یو اے این: 051-111-111-622
www.nccpl.com.pk